Ministerium für Kinder, Familie,
Flüchtlinge und Integration
des Landes Nordrhein-Westfalen



# Kita ماں خوش آمدید

KiTa.NRW
Kompetenz & Vielfalt

kulturenüberbrücken

www.chancen.nrw
www.kita.nrw.de





Urdu
اردو


محترم والدین،

اس کتابچے کے ساتھ، ہم اپنے ملک میں آپ کی آمد کی معاونت کرتے ہیں اور بچوں کے ڈے کیئر کے اپنے نظام کا ابتدائی خاکہ پیش کرتے ہیں. ہر بچے کے پاس اچھی تعلیم کے لیے یکساں مواقع ہونا چاہیے اسی وجہ سے، ہم نے شمالی رہائنے ویسٹفالیا میں تمام بچوں کے تعلیمی مواقع کو بہتر بنانے کا ہدف متعین کیا ہے۔ اس نرسری اسکول اور ڈے کیئر میں شروعاتی بچپن کی تعلیم اہم معاون ہے۔ نرسری اسکول (Kindertageseinrichtung)، کو شمالی رہائنے ویسٹفالیا کے اندر پہلا تعلیمی ادارہ "kita" بھی کہا جاتا ہے اور، ڈے کیئر کے ساتھ، بہت سارے ایسے بچے اس میں شرکت کرتے ہیں جن کی عمر ابھی بھی تین سال سے کم ہوتی ہے۔ تین سال کی عمر سے، تقریباً ہر بچے کی جگہ kita میں ہوتی ہے۔

Kita ایک چائلڈ کیئر سروس ہے جس میں بچوں کی معاونت اور پرورش دونوں کی جاتی ہے۔ خاص طور سے مانوس ہونے کے مرحلے میں، نئے ماحول سے مانوس ہونے، دوست بنانے اور جرمن زبان سیکھنے میں kita آپ کے بچے کی مدد کر سکتا ہے۔ بعد میں اسکول میں حاضر ہونے کی تیاری کرنے کے لیے جرمن زبان سیکھنا بھی اہم ہے۔

اس سے متفق ہوتے ہوئے کہ شمالی رہائنے ویسٹفالیا کے اندر اپنے kita میں ٹیچنگ اسٹاف ہونے کی وجہ سے میں آپ کے بچے کا رفیق بن کر، مثبت پیش رفت کی معاونت فراہم کرسکتا ہوں، اگر آپ تعلیم اور چائلڈ کیئر کے اس گراں قدر پیش کو قبول کرنے کا فیصلہ کریں اور اپنے بچے کو رجسٹر کرائیں تو مجھے خوشی ہوگی۔

آپ کی مخلص،
ڈاکٹر جواسم اسٹامپ



**Dr. Joachim Stamp**
Minister für Kinder, Familie, Flüchtlinge und Integration
des Landes Nordrhein-Westfalen

# Kita ( نرسری)

- Kita میں بچوں کی دیکھ بھال، خاص طور پر اس مقصد کے لیے تیار کردہ احاطے میں، گروپ کی شکل میں کی جاتی ہے۔
- قابل نرسری اساتذہ کی ایک بڑی تعداد آپ کے بچے کی نگہبانی کرتی ہے اور اس امر کو یقینی بناتی ہے کہ آپ کا بچہ یا بچی کھیل کود سے لطف اندوزہوسکے، ہنس کھیل سکے، اچھل کود کر سکے، گانے گا سکے اور چیزیں بنا سکے۔
- اپنی خصوصی معلومات کی بدولت، ہمارے نرسری اساتذہ آپ کے بچے کی تعلیم اور ترقی کے لیے ممکنہ طور پر بہترین معاونت مہیا کرتے ہیں۔
- ان تمام اداروں میں دیکھ بھال کے اوقات ایک جیسے نہیں ہیں۔ بہت سے Kita صبح سے لیکر شام دیر تک کھلے رہتے ہیں اور آپ کے ساتھ بچوں کو مقررہ اوقات میں پک اور ڈراپ کرنے کے اوقات طے کریں گے۔
- نگرانی میں نگہبانی کے اوقات کے دوران اکٹھے کھانا کھانا بھی شامل ہے۔ یہ عام طور پر ناشتے، دوپہر کے کھانے اور ایک عصرانے پر مشتمل ہوتا ہے۔
- Kita میں بہت ساری اجتماعی سر گرمیاں ہونگی، مگر اس میں آپ کے بچے کی انفرادی ضروریات اور اس کی دلچسبی کو بھی خاص اہمیت دی جاتی ہے۔
- آپ کے اور نرسری اساتذہ کے درمیان باہمی اشتراک بہت ہی اہم ہے۔

## Kita کے ساتھ رجسٹر ہونا

- بچوں کا ان کی زندگی کا پہلا سال مکمل ہونے پر، نرسری میں ان کے لیے جگہ کا ہونا ان کا حق ہے۔ اسی طرح ایک اور دو برسوں کے درمیان کی عمر کے بچوں کے لیے ڈے کیئر سینٹر میں جگہ بھی ان کا حق ہے۔
- لوکل چائلڈ پروٹیکشن سروسز (Jugendamt) آپ کے بچے کے لیے جگہ کی تلاش کے سلسلے میں آپ کی مدد اور رہنمائی کرتی ہیں۔
- جب آپ اپنے بچے کو رجسٹر کروا لیتے ہیں اور جگہ حاصل کر لیتے ہیں تو آپ داخلے کی ملاقات میں ابتدائی معلومات کا تبادلہ کر سکتے ہیں۔
- جب بچہ Kita میں جاتا ہے، تو عام طور پر والدین کے مالی معاونت کا اندازہ لگایا جاتا ہے۔ آپ کی آمدنی اس بات کا فیصلہ کرتی ہے، کہ آپ کی مالی معاونت کتنی ہوگی یا یہ کہ سرے سے کوئی معاونت ہوگی ہی نہیں ۔ اسکول جانے سے پہلے، بچے کا آخری سال ریاست نارتھ رائن-ویسٹفالیا میں بالکل مفت ہوتا ہے۔

- ایک بار جب آپ کا بچہ داخل ہوجاتا ہے تو گرد ونواح کے ایک نئے ماحول سے ہم آہنگ ہونے کا دور ہو گا۔
- بچوں کو عام طور پر نئے ماحول، نئے چہروں اور دن بھر کے پروگرام سے ہم آہنگ ہونے میں تھوڑا وقت درکارہوتا ہے۔
- اس عرصہ کے دوران، نرسری اساتذہ آپ کے رابطے میں رہیں گے تاکہ آپ کا بچہ ایک اچھا آغاز کر سکے اور پر سکون محسوس کرے۔

## Kita میں کیا پیش کیا جاتا ہے

- سب سے پہلی اور اہم چیز یہ ہے کہ آپ کا بچہ یا بچی کھیلنے، پینٹ کرنے، چیزوں کو بنانے، گانا گانے اور بہت کچھ کرنے کے قابل ہوگا۔
- آپ کا بچہ دوسرے بچوں کو جاننا شروع کر دے گا اور اپنا پہلا دوست بنائے گا۔ مزید یہ کہ وہ جرمن زبان سے روزمرہ کی بنیاد پر رابطے میں رہے گا۔ جو کہ جرمنی میں تعلیم کے مواقع کے لیے بے حد اہم ہے۔
- تدریسی طور پر جو پیشکشیں موجود ہیں ان میں بہت تنوع ہے۔ یہ آپ کے بچے کی سیکھنے کے عمل میں مدد فراہم کرتی ہیں۔
- نرسری اساتذہ آپ کے بچے کی طرف سے اس کی دیکھ بھال اور اس امر کو یقینی بنانے کے لیے ہوتے ہیں کہ آپ کے بچے کے ساتھ سب کچھ ٹھیک ہو، تا کہ وہ آگے جا کر اپنی صلاحیتوں کو پہچان کر انہیں فروغ دے سکے۔

## والدین کا کردار

- والدین اور نرسری اساتذہ کے درمیان اشتراک بہت ہی اہم ہے ۔
- والدین اپنے بچے سے متعلق کوئی بھی اہم معلومات نرسری کو فراہم کرتے ہیں، جیسے صحت کے مسائل، الرجیز یا کسی اہم واقعہ کے بارے میں جس کا اثر بچے پر پڑتا ہو۔
- آپ نرسری اساتذہ سے اپنے بچے کی، Kita میں حاضریوں کے بارے میں اپنے تحفظات، اندیشوں اور مسائل پر گفتگو سکتے ہیں یا آپ اپنی خاندانی رہاشی صورت حال پر بات کر سکتے ہیں۔
- یہ معلومات نرسری اساتذہ کو، آپ کے بچے کی ضروریات کو براہ راست پورا کرنے میں مدد دیتی ہیں۔
- یہ آپ کی اپنی مرضی پر منحصر ہے کہ آپ کونسی معلومات ظاہر کرتے ہیں اور کونسے نرسری اساتذہ کے ساتھ زیر بحث لاتے ہیں۔ آپ کی معلومات کو، Kita میں صیغہ راز میں رکھا جائے گا۔
- آپ Kita میں دیگروالدین کو بھی جان سکتے ہیں حتٰی کہ آپ خود بھی بہت ساری سرگرمیوں میں حصہ لے سکتے ہیں۔ آپ نرسری اساتذہ کے ساتھ معلومات کا تبادلہ اور مشاورتی نشست بھی کر سکتے ہیں۔
- Kita گفتگو کو سمجھنے کے لیے حسب ضرورت ترجمان مہیا کرنے پر راضی ہے.

## مجھے Kita کہاں مل سکتا ہے؟

- ہر رہائشی جگہ کے قریب kita موجود ہوتا ہے۔ اپنے قریبی لوکل چائلڈ پروٹیکشن سروسز (Jugendamt) سے دریافت کریں۔
- آپ Kita فائنڈر کی بدولت، آن لائن بذریعہ www.kita.nrw.de، یا بذریعہ www.kita.nrw.de/eltern/kita-finder/kita-finder-nrw براہ راست بھی تلاش کر سکتے ہیں۔



Ministerium für Kinder, Familie,
Flüchtlinge und Integration
des Landes Nordrhein-Westfalen

Haroldstraße 4, 40213 Düsseldorf
Telefon: 0211 837-02
poststelle@mkffi.nrw.de
www.chancen.nrw

@ChancenNRW
@ChancenNRW
chancen_nrw
Chancen NRW

